1989ء سے مسلسل اشاعت | یکم اکتوبر تا 7 اکتوبر 2021 | شمارہ نمبر 40 | جلد نمبر 33

MC - 547 Price Rs. 70/-


ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ


APP

IBM ISO 9001 : 2015 CERTIFIED

QURAN PAPER PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

BMG بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**tjiwi kimia**
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT · eX srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
  MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# ماشاءاللہ لاقوۃ الاباللہ

## ہفت روزہ پیپر بزنس کی اشاعت کو 31 سال مکمل ہو گئے

### 30 ستمبر 1989 تا 30 ستمبر 2021۔ گیارہ ہزار دنوں کا سفر۔ 1350 سے زائد شمارے شائع ہو چکے ہیں

ابھی کل کی سی بات لگتی ہے لیکن یہ ایک دن کا سفر نہیں ہے گیارہ ہزار 315 دنوں (31 سال) کا سفر ہے جب 30 ستمبر 1989ء کو ہفت روزہ پیپر بزنس کا پہلا شمارہ مارکیٹ میں پہنچایا گیا تھا اور جسے خدشات کے ساتھ پذیرائی بھی ملی تھی۔ آج 30 ستمبر 2021 کو 31 سال مکمل ہونے کے بعد اپنے 32 ویں سال میں داخل ہونے پر ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں ہمت، استقامت اور تسلسل سے یہ سفر جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ پاکستان کی تاریخ میں کسی اسپیشل فیلڈ کے تجارتی میگزین کا یہ پہلا اور تاریخی سفر ہے ورنہ متعدد ادارے یہ سنگ میل عبور نہ کر سکے۔ اس مدت کے دوران اب تک 1390 سے زائد شمارے شائع ہو چکے ہیں جو کہ ایک تاریخی حیثیت رکھتے ہیں جس کا ریکارڈ تمام سرکاری دفاتر کے ساتھ ساتھ اسلام آباد میں قائم ''ڈپارٹمنٹ نیوز پیپر اینڈ پیپر ریکارڈز، نیشنل لائبریری آف پاکستان'' میں بھی موجود ہے پیپر بزنس کی ٹیم کے لوگ موجود ہوں یا نہیں لیکن یہ ریکارڈ کا حصہ رہے گا۔ یقیناً اس کامیابی میں جہاں اس وقت حیات میرے والدین کی دعائیں، مارکیٹ کے بیشتر سینئر حضرات جواب ہم میں نہیں ہیں ان کے تعاون سے ہی سفر جاری رہا ہے۔ اس کے علاوہ پیپر بزنس کی ٹیم کے اراکین بھی اس کامیابی پر مبارکباد کے مستحق ہیں جن کے تعاون کے بغیر اس سفر کو مکمل کرنا نہایت محال ہوتا۔ ہم اپنے ملک بھر کے ان تمام سینئر احباب وقارئین کے لیے دعا گو ہیں جنہوں نے ہفت روزہ پیپر بزنس سے کسی بھی طرح حوصلہ افزائی کی، ہمارے ساتھ تعاون کیا، اور آج ہم میں نہیں ہیں، اللہ تعالیٰ ان سب کی مغفرت کرے اور ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔

اس سفر میں اب کئی اداروں کی آئندہ نسلوں نے اپنے کاروباری ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ ہفت روزہ پیپر بزنس ان کے لیے ایک تاریخ ہے جس سے وہ اپنی مارکیٹ کے سینئر ترین افراد اس وقت کی کاروباری صورت حال کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

آج اس سفر میں جو ادارے اور افراد بالخصوص انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا ہمارے ساتھ تعاون کر رہے ہیں ہم ان کے بھی شکر گزار ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی مزید کامیابیاں اور ترقیاں عطا کرے اور ان کے کاروبار میں دن دگنی رات چوگنی ترقی ہو۔ (آمین)

(بانی چیف ایڈیٹر محمد رؤف)

# چین میں توانائی بحران: متعدد پاور پلانٹس بند

### صنعتوں کو ہفتے میں تین روز کام کی اجازت، پیداوار میں کمی، چینی اشیا کی قلت پیدا ہو سکتی ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایشیائی ممالک بالخصوص اور پوری دنیا جلد ہی چائنا کی صنعتوں کی پیداواری صلاحیتوں میں کمی کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہوسکتی ہے۔ کیونکہ چائنا کی حکومت نے اپنے متعدد پاور پلانٹس کو عارضی طور پر بند کر دیا ہے۔ جس کے باعث متعدد صنعتی علاقوں میں پاور سپلائی متاثر ہونے کے باعث کارخانوں کو ہفتہ میں تین روز کام کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے جس سے تقریباً تمام اقسام کی اشیا کی پیداوار میں کمی ہو ہوگی۔ دوسری طرف چائنا کی پیداوار میں کمی سے چھوٹے ملکوں کی صنعتوں میں بوم آ سکتا ہے اور وہ اپنی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کر سکتے ہیں جو پہلے چائنا کی کم قیمتوں کے باعث مقابلے سے قاصر تھے۔ اس صورت حال میں چائنا کی اشیا کی قیمتوں میں آئندہ ہفتوں میں تیس تا چالیس فیصد اضافہ کا بھی امکان ہے۔ پیپر مارکیٹ کے ذرائع بھی اس صورت حال میں فکر مند دکھائی دے رہے ہیں۔

## انٹربینک میں امریکی ڈالر کی قدر ملکی تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک میں امریکی ڈالر کی قدر ملکی تاریخ کی بلندترین سطح 170 روپے تک پہنچ گیا ہے انٹربینک مارکیٹ میں 31 پیسے کے اضافے کے بعد ڈالر 170 روپے 27 پیسے کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ اوپن مارکیٹ میں اس کی قدر میں 50 پیسے کا اضافہ ہوا اور 172 روپے 30 پیسے تک پہنچ گیا بظاہر لگتا ہے کہ پاکستانی روپیہ جسے ایشیا میں سب سے بری کارکردگی والی کرنسی قرار دیا جا چکا ہے اور حکومت نے تیزی سے بڑھنے والے امریکی ڈالر کے لیے میدان کھلا چھوڑ دیا ہے کہ بغیر چیک کیے آگے بڑھے اور مقامی کرنسی کی باقی قدر کو بھی ختم کر دے۔ مقامی مارکیٹ میں بھی کرنسی تیزی سے قوت خرید سے محروم ہو رہی ہے جس کے باعث عوام مہنگائی سے بری طرح متاثر ہو رہے ہیں قبل ازیں 15 ستمبر 2021 کو ڈالر 13 ماہ کی بلندترین سطح پر پہنچ گیا تھا جب یہ ریکارڈ 169 روپے 50 پیسے پر ٹریڈ کرنے کے بعد بند ہوا۔ اس سے قبل گزشتہ برس 26 اگست کو ڈالر 168 روپے 43 پیسے کی سب سے بلند سطح پر پہنچا تھا۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سندھ ہائی کورٹ نے 20 پیپر مرچنٹس کی سوشل سیکورٹی کے خلاف آئینی درخواستیں نمٹادیں

## 20 اداروں کو سالانہ کم از کم اجرت کا 6 فیصد فی ملازم ادا کرنے کا حکم۔ 2018 میں یہ درخواستیں دائر کی گئی تھیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی پیپر مارکیٹ کے بیس دکانداروں جن میں عوامی پیپر مارٹ، بابا کارپوریشن، بیکیا پیپر مارٹ، بلال پیپر مارٹ، دولت سنز، ایورشائن انٹرپرائزز، گل امپیکس، ایچ ایم نقی اینڈ سنز، کراچی پیپر اسٹور، خورشید امپیکس، ملک پیپر مارٹ، نثار پیپر مارٹ، انیس برادرز، اے بی سعید اینڈ کمپنی شامل ہیں، کی حکومت سندھ کے محکمہ سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کے خلاف آئینی درخواست نمبر 2018/1683 کو نمٹاتے ہوئے قرار دیا ہے کہ تمام مذکورہ ادارے اعلان شدہ کم از کم اجرت کے مطابق سیسی کو ادا کرنے کے پابند ہیں تاہم اگر رقم کے مطالبے میں کوئی غلطیاں ہیں تو محکمہ اسے دفعہ 61 کے مطابق حل کرے۔ فیصلے میں مختلف سالوں کے لیے کم از کم اجرت برائے غیر تکنیکی کی تفصیل بھی فراہم کردی گئی ہے جو مندرجہ ذیل ہے۔

| سال | کم از کم اجرت |
|---|---|
| 1998 | 1950 |
| 2001 | 2500 |
| 2005 | 4000 |
| 2007 | 4600 |
| 2008 | 6000 |
| 2010 | 8000 |
| 2012 | 9000 |
| 2013 | 10000 |
| 2014 | 12000 |
| 2015 | 13000 |
| 2016 | 14000 |
| 2017 | 15000 |

اس شرح کے مطابق ادارے اس کا 6 فیصد فی ملازم محکمہ کو ادا کرنے کے پابند ہیں۔ عدالت نے اس کے ساتھ تمام پٹیشن نمٹا دیں۔ واضح رہے کہ 2018 میں سوشل سیکورٹی ڈپارٹمنٹ نے پیپر کے دکانداروں کو سوشل سیکورٹی کے حصے کی رقم کی ادائیگی کے لیے نوٹسز جاری کئے تھے جس کے خلاف انہوں نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا اور 2 مارچ 2018 کو نوٹسز کیخلاف حکم امتناعی حاصل کرلیا گیا تھا۔ ان پٹیشنز کے علاوہ درجنوں دیگر کمپنیوں نے بھی ایسی ہی درخواستیں دائر کر رکھی تھیں۔ یہ فیصلہ جسٹس عرفان سعادت خان اور جسٹس عدنان الکریم میمن کی عدالت نے سنایا۔

# سڑک کے ذریعے اکتوبر میں پاک ترک تجارت کا آغاز ہوگا، ناصر حیات

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کے صدر میاں ناصر حیات مگوں نے برادر اسلامی ممالک پاکستان اور ترکی کے مابین سڑک کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے آغاز کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک اعلیٰ سطح تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان سے استنبول، تہران، اسلام آباد (ITI) راہداری کے ذریعے اکتوبر کے پہلے ہفتے میں روڈ ٹرانسپورٹ کے ذریعے ترکی سامان پہنچانے کا افتتاح کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ دوطرفہ تجارت میں روڈ ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی ایک بڑی رکاوٹ تھی، اب قیمتی وقت اور سرمائے کی بچت کی جاسکے گی۔ اس ہائی پروفائل ایونٹ کا اہتمام پاکستان ترکی جوائنٹ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری فورم نے کیا تھا اور یہ اس کا چوتھا اجلاس تھا۔ اجلاس میں دونوں اطراف کے اعلیٰ ترین سفارت کاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر دونوں ملکوں کی کاروباری، صنعتی اور تجارتی قیادت اور اعلیٰ سرکاری عہدیداران بھی موجود تھے۔ پاکستان میں ترکی کے سفیر H.E. Ihsan Mustafa Yurdakul نے کہا کہ پاکستان ترکی دو طرفہ تجارت ایک ارب ڈالر کی نفسیاتی حد عبور کرچکی ہے۔

# ایف بی آر کی یقین دہانی پر چھوٹے تاجروں کی ہڑتال واپس

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے اس بات کی ضمانت دینے پر کہ چھوٹے تاجروں کو نئے صدارتی آرڈیننس کے ذریعے متعارف کروائے گئے قانون کے اطلاق میں بجلی، گیس اور موبائل فون سروس سے محروم نہیں کیا جائے گا، تاجروں نے 27 ستمبر کو اعلان کردہ ہڑتال ملتوی کردی۔ رپورٹ کے مطابق اس فیصلے کا اعلان چھوٹے تاجروں کی تنظیموں کے رہنماؤں اور ایف بی آر کے رکن آپریشنز قیصر اقبال نے کیا۔ باضابطہ بیان میں کہا گیا کہ ٹیکس قوانین (تیسری ترمیم) آرڈیننس پر چھوٹے تاجروں کی تمام الجھنوں اور غلط فہمیوں کو دور کردیا گیا ہے۔ حکومت نے 17 ستمبر کو ایک صدارتی آرڈیننس جاری کیا تھا جس میں ایف بی آر کو مصنوعی ذہانت کا استعمال کرتے ہوئے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) سے ڈیٹا میچنگ کے ذریعے موبائل فون سمز غیر فعال کرنے، بجلی اور گیس کے کنکشنز منقطع کرنے کے وسیع اختیارات دیے گئے تھے۔ مرکزی تنظیم تاجران، پاکستان کے صدر کاشف چوہدری کی سربراہی میں چھوٹے تاجروں کا ایک وفد گزشتہ چند روز سے ایف بی آر کے رکن کے ساتھ بات چیت میں مصروف عمل تھا۔ قیصر اقبال نے کہا کہ ٹیکس قوانین (تیسری ترمیم) آرڈیننس 2021 سے متعلق چھوٹے تاجروں کی الجھنوں اور غلط فہمیوں کو دور کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اہم مقصد اپنے گھروں سے کام کرنے والے پیشہ ور افراد اور غیر رجسٹرڈ تاجروں کو رجسٹرڈ کرنا تھا جبکہ پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) کا اطلاق چھوٹے تاجروں سے متعلق نہیں تھا جنہیں یہ انسٹال کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 114 بی کی وضاحت کرتے ہوئے رکن ایف بی آر نے کہا کہ کچھ مفاد پرست عناصر کی جانب سے عوام کو گمراہ کیا جارہا تھا کہ ان کے گیس اور بجلی کے کنکشنز معطل اور موبائل فون سروسز بند ہوجائیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ 'صرف وہ افراد جو ٹیکس دہندگان کی فعال فہرست کا حصہ نہیں بن رہے وہ اس صورتحال کا سامنا کریں گے'۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 235 کی شق کی وضاحت کرتے ہوئے رکن آئی آر آپریشنز نے کہا کہ ٹیکس قانون (تیسری ترمیم) میں بجلی کے بل پر ایڈوانس ٹیکس کی شرح میں متعارف کروائی گئی تبدیلی چھوٹے تاجروں اور انکم ٹیکس فائلر کو متاثر نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ دفعہ ٹیکس ادا نہ کرنے والے پیشہ ور افراد کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے متعارف کروائی گئی ہے، یہ بجلی کے کمرشل صارفین پر اثر انداز نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کمشنرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تاجروں کے تحفظات کو سنیں اور ان کے مسائل کو مقامی سطح پر حل کریں۔

## کمپنیوں سے آن لائن غیر رجسٹرڈ خریداروں پر 2 فیصد اضافی ٹیکس عائد

لاہور (نیوز ڈیسک) آن لائن کاروبار کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا فیصلہ کرلیا گیا جبکہ آن لائن کاروبار پر 2 فیصد اضافی ٹیکس عائد کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کمپنیوں کو غیر رجسٹرڈ افراد سے مال کی خریداری پر اضافی ٹیکس لینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ آن لائن کاروبار کرنے والے غیر رجسٹرڈ افراد سے 2 فیصد اضافی سیلز ٹیکس لیں گے۔ غیر رجسٹرڈ افراد جس کمپنی کے ذریعے کاروبار کریں گے وہ 2 فیصد ٹیکس کاٹے گی، آن لائن کمپنی غیر رجسٹرڈ افراد کا سیلز ٹیکس جمع کرانے کی ذمہ دار ہوگی۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

ANM

# A N M TRADING CO

Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# انڈونیشین قونصل جنرل Dr. June Kuncoro Hadiningrat کادورہ آئی بی ایم







بدھ 29 ستمبر 2021 کو کراچی میں تعینات انڈونیشین قونصل جنرل Dr. June Kuncoro Hadiningrat نے ممتاز انڈنٹنگ فرم، (آئی ایس او سرٹیفائیڈ) انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے دفاتر کا دورہ کیا، سی ای او محمد سلیم بیکیا سے ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان پیپر و پیپر بورڈ کی تجارت سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر۔ قونصل جنرل کے ہمراہ اکنامک کونسلر Mr.Djumara بھی موجود تھے۔ آئی بی ایم کی طرف سے قونصل جنرل کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی، آئی بی ایم کے محمد جاوید بھی موجود ہیں۔




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands
## Products of PINDO DELI



ہم ساہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## 100% Cast Coated, Mirror Coat
## Acrylic Glue with water Base
## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED
**International Business Management**

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# اپیما کے وفد کی محمد انیس کی قیادت میں کمشنر آئی آر رفیق الرحمن سے ملاقات

## وفد میں اپیما کے سابق چیئرمین تبسم خورشید، سابق وائس چیئرمین یحییٰ باری، سابق صدر زین الدین سنیل شامل تھے




کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس کی سربراہی میں کمشنر ان لینڈ ریونیو رفیق الرحمن سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر اور دیگر انکم ٹیکس حکام بھی موجود تھے۔ اپیما کے وفد میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین تبسم خورشید، سابق وائس چیئرمین یحییٰ باری، سابق صدر زین الدین سنیل شامل تھے۔ کمشنر نے وفد سے کہا کہ اگر کوئی بھی انکم ٹیکس آفیسر اپیما ممبران کے لیے مشکلات پیدا کرے تو وہ انہیں آگاہ کریں اور اپیما اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے نان فائلر کو ریٹرن فائلنگ کی ترغیب دے کیونکہ اب نان فائلر پر بھاری ٹیکس عائد ہو گئے ہیں کمشنر نے درخواست کی کہ نان فائلرز کی فہرست فراہم کی جائے۔ سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس نے کمشنر کو بتایا کہ اپیما ڈائریکٹریٹ آف ٹریڈ آرگنائزیشن وزارت تجارت حکومت پاکستان سے رجسٹرڈ ہے اس کے 1200 ممبران پورے پاکستان میں ہیں۔ تمام ممبران این ٹی این ہولڈر ہیں اور باقاعدہ اپنے ریٹرن فائل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نان فائلر کو ممبر نہیں بناتے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر ایک خام مال ہے جو زیادہ سے زیادہ خوردہ قیمت کی ریٹیل فروخت کے زمرے میں نہیں آتا ہے۔ محمد انیس نے کمشنر کی توجہ دلائی کہ باوجود 5.5 فیصد ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنے کے آر ٹی او آفسز مزید ایڈوانس ٹیکس کی ادائیگی کے لیے ای میل کرتے ہیں جس سے ممبران میں تشویش پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے کمشنر کو آگاہ کیا کہ ماضی میں ہم نے سابق کمشنر کی درخواست پر ایک سیمینار کا اہتمام کیا تاکہ ممبران کو آگاہی دی جا سکے اور ہم نے اپنے تمام ممبران کے علاوہ فیڈریشن اور کے سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کو مدعو کیا لیکن آخری وقت میں کمشنر نے شرکت سے معذرت کر لی اور وہ سیمینار میں شرکت کے لیے نہیں آئے۔ جس سے محکمہ کی ساکھ بھی مجروح ہوئی اور ممبران کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایف بی آر کی ویب سائٹ نہایت سست ہے اور انکم و سیلز ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کے لیے کافی وقت لگتا ہے اس کو بھی بہتر کیا جائے۔

## ریگولیٹری ڈیوٹی کی بڑی شرح لگانے کیلئے اہم درآمدی اشیاء کی نشاندہی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ریگولیٹری ڈیوٹی کی بڑی شرح لگانے کیلئے اہم درآمدی اشیاء کی نشاندہی، سرکاری ذرائع کی تصدیق، ٹیرف پالیسی بورڈ افغانستان سے درآمد پر صفر ڈیوٹی پر آگے بڑھنے کا معاملہ بھی اٹھائیگا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ریگولیٹری ڈیوٹی کی بڑی شرح عائد کرنے کیلئے دو درجن سے زائد اہم درآمدی اشیاء کی نشاندہی کی ہے اور اندازہ لگایا ہے کہ درآمدی بل میں فی ماہ 800 ملین ڈالرز کی کمی کی جاسکتی ہے۔ توقع ہے کہ وزیراعظم کے مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد کی صدارت میں ٹیرف پالیسی بورڈ کا اجلاس آئندہ ہفتے ہوگا جس کے تحت مختلف اسٹیک ہولڈرز بشمول وزارت صنعت، ایف بی آر اور دیگر اسٹیک ہولڈرز بڑھتے ہوئے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کرنے کے لیے، جو موجودہ مالی سال کے پہلے دو مہینوں میں پہلے ہی 3.2 ارب ڈالرز تک پہنچ گیا ہے، درآمدات کی حوصلہ شکنی کے لیے بڑے پیمانے پر ریگولیٹری ڈیوٹی (آر ڈی) لگانے کی تجویز کو حتمی شکل دیں گے۔ اعلیٰ سرکاری ذرائع نے تصدیق کی کہ ٹیرف پالیسی بورڈ افغانستان سے درآمد پر صفر ڈیوٹی کے ساتھ آگے بڑھنے کا معاملہ بھی اٹھائے گا۔ تاہم اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کو تفویض کیا گیا ہے کہ وہ افغانستان سے صفر ریٹ پر درآمدات کی اجازت دینے اور ایکسچینج ریٹ پر اس کے مجموعی اثرات کے لیے اثر کی تشخیص پر تفصیلی مطالعہ کرے۔

# معیشت دشمن صدارتی آرڈیننس واپس لیا جائے۔ سید لیاقت علی

## اسمال ٹریڈرز اس مسئلہ پر بھرپور تحریک چلائے گی



کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر آل پاکستان آرگنائزیشن آف اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز کراچی کے سینئر نائب صدر سید لیاقت علی نے ظالمانہ صدارتی آرڈیننس کو مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے معیشت دشمن صدارتی آرڈیننس واپس لیا جائے اور اس قانون میں تاجروں کی مشاورت سے تاجر دشمن شقیں ختم کرنے کے بعد قومی اسمبلی سے منظور کرایا۔ انہوں نے سوال کیا کہ قومی اسمبلی کی موجودگی کے باوجود صدارتی آرڈیننس جاری ہونا جمہوری حکومت کے لئے شرمناک ہے موجودہ آرڈیننس معیشت اور تاجر دشمن آرڈیننس ہے اس کے ذریعے ایف بی آر کے اہلکاروں کو ملنے والے اختیارات سے ٹیکس میں اضافے کے بجائے رشوت ستانی کا بازار مزید گرم ہوگا وہ پاکستان چوک میں تاجروں کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے

اجلاس سے نائب صدر نوید احمد، جاوید حاجی عبداللہ جنرل سیکریٹری، عثمان شریف، سلیم ملک اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ سید لیاقت علی نے کہا کہ حکومت نے تاجروں اور عوام سے جتنے وعدے کئے تھے کوئی بھی پورا نہیں کیا۔ عوام مہنگائی سے پریشان ہیں اور حکمران مزید مہنگائی کی نوید سنا رہے ہیں انہوں نے بجلی کے نرخوں میں 7.2 روپے اضافے کی تجویز پر بھی تشویش کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ حکومت تاجروں کو سڑکوں پر آنے پر مجبور کر رہی ہے نئے قوانین کے نفاذ کے بعد اراشی اہلکاروں کی زیادتیاں مزید بڑھ جائیں گی انہوں نے کہا کہ اسمال ٹریڈرز اس کالے قانون کو کسی صورت قبول نہیں کرینگے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ڈنڈے کے زور پر ٹیکس وصولی کے بجائے تاجر دوست ٹیکس کلچر اور پالیسیوں کو فروغ دے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# فیڈریشن کا شپنگ ریٹ ایڈوائزری بورڈ کی تشکیل کا مطالبہ

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کے صدر میاں ناصر حیات مگوں نے وزارت میری ٹائم افیئرز، وزارت تجارت اور کسٹمز کو ایف پی سی سی آئی کی پاکستان شپرز کونسل (PSC) کے ساتھ مل کر کام کرنے کی تجویز دی ہے؛ تاکہ، ملک کے شپرز اور فریٹ فارورڈرز کے کاروباری اداروں کو بچایا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ شپنگ اور فریٹ چارجز تاریخ کی بلندترین سطح پر ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ شپنگ کنٹینرز اور کنٹینر جہازوں کی عدم دستیابی کے مسائل بھی شدید تر ہو چکے ہیں اور موجودہ صورتحال کی بڑی وجہ کرونا کے باعث پچھلے دوسالوں میں جہاز رانی اور لاجسٹکس انڈسٹری کے لیے پیدا شدہ انتہائی مشکل حالات ہیں۔ مزید برآں، حکومتی وزارتوں اور محکموں نے مناسب حکومتی امدادی میکانزم بھی وضع نہیں کیا۔ایف پی سی سی آئی کے صدر کی حیثیت سے میاں ناصر حیات مگوں نے ایف پی سی سی آئی کے پلیٹ فارم سے پاکستان شپرز کونسل اور پاکستان انٹرنیشنل فریٹ فارورڈرز ایسوسی ایشن کی مکمل حمایت کا اظہار کیا ہے اور یہ امید بھی ظاہر کی ہے کہ ایف پی سی سی آئی کی آواز تمام متعلقہ وزارتیں اور محکمے سنیں گے۔ایف پی سی سی آئی کے صدر نے ایف پی سی سی آئی میں پی ایس سی اور پِف فا کے ایک اعلی سطحی اور بڑے پیمانے پر ہونے والے اجلاس کا خیرمقدم کیا ہے، جس کا مقصد متعدد شپنگ اور فریٹ چارجز کے مسائل اور چیلنجز کا حل تلاش کرنا تھا۔صدر ایف پی سی سی آئی نے تجویز دی ہے کہ شپنگ ریٹس ایڈوائزری بورڈ تشکیل دیا جائے جو کہ ایک طاقتور ادارہ ہونا چاہیے اور تمام سٹیک ہولڈرز کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے۔ایف پی سی سی آئی کی پاکستان شپرز کونسل کے چیئرمین رشید جان محمد نے کہا کہ ایک بار کنٹینر ریلیز آرڈر کسی بھی شپنگ لائن کی جانب سے جاری ہونے کے بعد اسے کینسل نہیں کیا جانا چاہئے اور اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو انہیں شپرز کو پہنچنے والے نقصانات کو بھی برداشت کرنا چاہئے۔ چیئرمین رشید جان محمد نے یہ بھی کہا کہ شپنگ لائنیں غیر منصفانہ ایکسچینج ریٹس وصول کررہی ہیں اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ان کو مؤثر طریقے سے ریگولیٹ کرنا چاہیے اور ای جی ایم کی بنیاد پر ایکسچینج ریٹس طے کیے جانے چاہئے۔رشید جان محمد نے بندرگاہوں سے کنٹینرز کی تاخیر سے کلیئرنس پر اپنے تحفظات کا اظہار بھی کیا اور نوٹ کیا کہ 30 دن کی حد مقررہ حد والے کسٹمز کلیئرنس قوانین پر بھی عمل نہیں کیا جاتا۔میاں ناصر حیات مگوں نے تجویز دی ہے کہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کو آگے آنا چاہیے اور اس خطے میں بڑے پیمانے پر فیڈر سروسز لے کر اس خلا کو پُر کرنا چاہئے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ ملک کی برآمدات میں اعلی شرح نمو حاصل کرنے کے حکومتی وژن کے بھی عین مطابق ہوگا۔

## ایف بی آر نے ڈیسکوز غیر رجسٹرڈ کمرشل بجلی صارفین کا ڈیٹا مانگ لیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے ملک میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کے لیے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈیسکوز) سے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس میں ان رجسٹرڈ بجلی کے صنعتی و کمرشل صارفین کا ڈیٹا طلب کرلیا ہے۔صارفین کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی بنیاد پر مبنی حاصل ہونیوالے تمام کوائف و معلومات کو ٹیکس دہندگان کے ماسٹر انڈیکس سے کراس میچنگ کے ذریعے بے نامی داروں اور غیر رجسٹرڈ کاروباری یونٹس و تاجروں اور صنعتکاروں کا سراغ لگا کر ان کے خلاف کارروائی کرے گا۔وفاقی ٹیکس محتسب آفس حکام کے مطابق ایف بی آر نے ڈیسکوز سے بجلی کے ان رجسٹرڈ صنعتی و کمرشل صارفین کا ڈیٹا وفاقی محتسب کی ہدایت پر طلب کیا ہے۔ایف بی آر کی جانب سے جمع کروائی جانیوالی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ڈیسکوز نے ان رجسٹرڈ صنعتی و کمرشل صارفین کا ڈیٹا ایف بی آر کو فراہم کرنا شروع کردیا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایف بی آر کے مطابق کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے ذریعے صارفین کے ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے وزارت توانائی سے بھی درخواست کی گئی ہے کہ وہ ایف ٹی او کی ہدایات کو جلد از جلد نافذ کرے۔وفاقی ٹیکس محتسب مشتاق احمد سکھیرا نے ان رجسٹرڈ بجلی و گیس کے صارفین بارے شائع ہونیوالی رپورٹس پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے سماعت شروع کی تھی ان رپورٹس میں بتایا گیا تھا کہ ملک میں تقریبا ساڑھے تین لاکھ صنعتی اور تجارتی بجلی اور گیس صارفین ہیں۔

## محمد ادریس کراچی چیمبر کے صدر، عبدالرحمان نقی سینئر نائب صدر اور قاضی زاہد نائب صدر منتخب

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی منیجنگ کمیٹی نے متفقہ طور پر محمد ادریس کو 2021-22 کے لیے کے سی سی آئی کا صدر منتخب کیا ہے۔جمعرات 23 ستمبر 2021 کو ہونے والے اجلاس میں عبدالرحمان نقی سینئر نائب صدر اور قاضی زاہد حسین نائب صدر منتخب ہوگئے۔محمد ادریس جو دو دہائیوں سے زیادہ عرصے سے بی ایم جی سے وابستہ ہیں انہوں نے 2013-14 میں کے سی سی آئی کے نائب صدر اور 2009 سے 2015 تک کراچی الیکٹرانکس ڈیلرز ایسوسی ایشن (کیڈا) کے صدر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں اور وہ وزارت میری ٹائم افیئرز اور سندھ آئی ٹی بورڈ کی کمیٹی کے رکن کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ چیئرمین بی ایم جی و سابق صدر کے سی سی آئی زبیر موتی والا، وائس چیئرمین بی ایم جی و سابق صدور کے سی سی آئی طاہر خالق، ہارون فاروقی، انجم نثار، جاوید بلوانی اور جنرل سیکرٹری اے کیو خلیل نے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نومنتخب عہدیداران کے سی سی آئی کے امور کو مزید بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوشش کریں گے اور تاجر و صنعتکار برادری کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے تندہی سے کام کریں گے۔


A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## نیشنل کالج آف آرٹس کے پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: 27/2021
امپورٹڈ پیپر 80 گرام
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 اکتوبر 2021ء
ٹینڈر حوالہ نمبر: 28/2021
کالج پراسپکٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 اکتوبر 2021
برائے رابطہ: اکاؤنٹ سیکشن کالج، 4۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔
فون: 042-99210544-99210599
EXT:108-175

## NADRA کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 103/2021
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، گراؤنڈ فلور، 30۔ ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔
فون: 051-90392868

## پبلک سیکٹر ادارے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 66/2021
فوٹو اسٹیٹ پیپر، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 800 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: ہیڈ پروکیورمنٹ، پی او بکس نمبر 3120۔ کراچی۔
فون: 021-35895645

## پبلک سروس کمیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 03/2021-22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: سیکریٹری، ہیڈ آفس، تیسری منزل، ایل ڈی اے پلازہ، 7۔ ایگرٹن روڈ، لاہور۔
فون: 042-99200161-162

# کاروباری مواقع

# TENDERS

## چکوال یونیورسٹی کا پرنٹنگ و لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 02-2021
آنسر بکس اور کنٹی نیوس شیٹس کی پرنٹنگ
لفافے، سائز 17x19 اور 11x15 (بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ رجسٹرار، پروکیورمنٹ، چکوال۔
فون: 0543-602003

## ورکرز ویلفیئر کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

فوٹو کاپی پیپر، A4 سائز، 80 گرام، امپورٹڈ، 1150 ریم۔
فوٹو کاپی پیپر، A3 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، 15 ریم۔
فوٹو کاپی پیپر، لیگل سائز، 80 گرام امپورٹڈ، 100 ریم۔
دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (G-A)، بلڈنگ نمبر-2، اسٹریٹ 39، G-10/4، ماؤ ایریا، اسلام آباد۔
فون: 051-9106325-26

## ویٹرنری یونیورسٹی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 0270-2021
لیٹر ہیڈ کی پرنٹنگ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: انچارج، پرچیز سیل، آؤٹ فال روڈ، لاہور۔
فون: 042-99211449EXT:138

## ووکیشنل ٹریننگ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: انگوری باغ اسکیم نمبر 1، شالیمار لنک روڈ، لاہور۔
فون: 0302-2856153/0423-6820221

## یونیورسٹی آف سندھ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: پرچیز اسٹور آفیسر، بنگلہ نمبر A-05، علامہ آئی آئی قاضی کیمپس، جامشورو۔ فون: 022-9213224

## پاکستان آرڈیننس فیکٹریز کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 0032-SJL-LP-51
پیپر، لائٹ اور بیج گمڈ، سائز 20x20، تعداد: 2000 شیٹس۔
پیپر وائٹ ان گمڈ، سائز 23x36، تعداد: 300 شیٹس۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: مینیجر پرچیز، پی او ایف سنجوال کینٹ، واہ کینٹ۔
فون: 051-9316251

## ہارٹی کلچر اتھارٹی کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 اکتوبر 2021ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر، مانیٹرنگ اینڈ آپریشن، گیٹ نمبر 4، جیلانی پارک، جیل روڈ، لاہور۔
فون: 042-99202551-99204639

## فیڈریشن کا ریٹرن فائل کی تاریخ میں توسیع کا مطالبہ

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی چیمبر صدر ناصر حیات مگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ایف بی آر کو ٹیکس جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دو ماہ کی توسیع کرنی چاہیے۔ 28 ستمبر 2021 کو انہوں نے 30 ستمبر کی ڈیڈ لائن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان بھر کے کاروباری اداروں کے فیڈ بیک کی بنیاد پر ایف پی سی سی آئی کا موقف ہے کہ لاکھوں ایس ایم ای مالکان جمعرات 30 ستمبر 2021 تک اپنے انکم ٹیکس فائل نہیں کرواسکیں گے، ایف بی آر نے قابل ٹیکس آمدنی پر تاخیر سے فائل کیے جانے پر یومیہ کی بنیاد پر 1.0 فیصد سرچارج لاگو کر دیا ہے جو کہ نہ صرف سخت اور ناجائز ہے بلکہ ناقابل عمل بھی ہے۔ انہوں نے بطور صدر ایف پی سی سی آئی اپنے اس موقف کا اعادہ کیا ہے کہ ایف بی آر کو یک طرفہ کاروبار مخالف فیصلے لینا بند کرنا چاہیے


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited
A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board
Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633
Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# درآمدی و مقامی آفسیٹ پیپر، آرٹ پیپر، فوٹو کاپی، بلیچ بورڈ اور مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ

## کاربن لیس اور آرٹ کارڈ میں کمی، ہول سیل و ریٹیل پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اسے ہفتے بھی تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 29 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی، فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار، ٹاپ رائیٹر، ارسم پیپر ملز، بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، آرٹ پیپر چائنا اور جاپان کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ پنڈو آرٹ کارڈ اور کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 295 روپے سے کم ہو کر 293 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام، 255 روپے سے بڑھ کر اور تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 258 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 258 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔ 115 اور 128 گرام، 248 روپے سے بڑھ کر 255 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 258 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2200 روپے سے کم ہو کر 2150 روپے، 18x23 سائز 2350 روپے سے کم ہو کر 2300 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 138 روپے سے بڑھ کر 148 روپے، تمام سائز 290 گرام، 136 روپے سے بڑھ کر 146 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 290 روپے سے بڑھ کر 295 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 240 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 107 روپے سے بڑھ کر 110 روپے، تمام سائز 53 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 120 روپے، تمام سائز 60 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 120 روپے، تمام سائز 63 گرام، 122 روپے سے بڑھ کر 124 روپے، تمام سائز 68 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 120 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 گرام، 112 روپے سے بڑھ کر 125 روپے، تمام سائز 68 گرام، 112 روپے سے بڑھ کر 125 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ارسم پیپر ملز تمام سائز 63 گرام، 113 روپے سے بڑھ کر 125 روپے، تمام سائز 68 گرام، 112 روپے سے بڑھ کر 125 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 560 روپے سے بڑھ کر 565 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 620 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی F4B ۔ 70 گرام، 625 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 560 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 640 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 560 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 640 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی (F4B(13 سائز 70 گرام، 620 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی (5.F4A(13 سائز 70 گرام، 650 روپے سے بڑھ کر 660 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام، 670 روپے سے بڑھ کر 680 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آریا 70 گرام، 540 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون، A4 سائز 80 گرام، 680 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ کلر سنار اسپیکٹرا 80 گرام، 200 روپے سے بڑھ کر 210 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے 70 گرام، 650 روپے سے بڑھ کر 660 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام، 760 روپے سے بڑھ کر 770 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈیجیٹل میگنم برازیل 70 گرام، 520 روپے سے بڑھ کر 540 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ٹیکنو یورپ 80 گرام، 540 روپے سے بڑھ کر 560 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ رشین میسٹر و مونڈی 72 گرام، 540 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، 550 روپے سے بڑھ کر 560 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A3 سائز 1200 روپے سے کم ہو کر 1150 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ سیلیکٹ ون آسٹریلیا 70 گرام، 540 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2525 روپے سے بڑھ کر 2550 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

# اسٹیٹ بینک: درآمدی گاڑیوں کی خریداری کیلئے قرض کی شرائط

